لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ ذیقعدہ سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء	جلد ۲۸

فہرست مضامین

بحکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۶ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب استدعاء میر منشی دارالانشا کشن سروپ کلرک دارالانشا شاہرہ دار ماہوار پچیس روپیہ ماہوار کا دس روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر پینتیس روپیہ ماہوار تنخواہ مقرر فرمائی گئی ـ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

مولوی ذوالفقار علیخان سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی درخواست ہے کہ انکو تین ۳ مہینے کی رعایتی رخصت ۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء سے عطا کیجائے۔ اور بعد ختم رخصت یعنی ۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء سے وہ اپنے عہدہ سابق انسپکٹر آبکاری ممالک متحدہ پر واپس بھیجدیئے جائین۔ مابدولت اقبال آنکی استدعا منظور فرماتے ہین۔

۲۔ کپتان عظمت اسدخان اسوقت قائم مقام سپرنٹنڈنٹ آبکاری مقرر کیے جائین۔ ۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو وہ اسی عہدے پر مستقل کیے جاینگے تین سو ۳۰۰ روپیہ ماہوار تنخواہ ۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء سے انکو صیغہ آبکاری سے ملیگی۔ آیندہ فوج سے کوئی تنخواہ نہین پاینگے مگر کپتان کا رینک اور اے۔ ڈی۔ سی کا اعزاز بدستور رہیگا۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری کیے جائین۔ ایک نقل اس روبکار کی دارالانشا مین بھیجدیجائے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

منشی محمود علیخان و منشی منور علیخان انسپکٹران آبکاری کو انکے خدمات سے سبکدوش کیا جاتا ہے اور ان دونون جگہونکا انتظام حسب ذیل کیا جاتا ہے

۱۔ سید آل حسن محرم امام باڑہ بشاہرہ ساٹھ ۶۰ روپیہ تنخواہ اور پندرہ روپیہ ماہوار ہارس الاونس یعنی پچہتر ۷۵ روپیہ ماہوار و منشی سلیم الحق گرداور قانونگو بشاہرہ پچاس ۵۰ روپیہ ماہوار تنخواہ و پندرہ روپیہ ماہوار ہارس الاونس یعنی پینسٹھ ۶۵ روپیہ ماہوار پر انسپکٹران آبکاری مقرر کیے جاتے ہین۔

۲۔ سردار ولی خان ہیڈ کانسٹبل بشاہرہ تیس ۳۰ روپیہ ماہوار تنخواہ اور دس ۱۰ روپیہ ماہوار ہارس الاونس یعنی چالیس ۴۰ روپیہ ماہوار پر سب انسپکٹر آبکاری بطور عارضی مقرر کیے جاتے ہین۔

حکم ہوا کہ

منشی محمود علیخان و منور علیخان کا نام صیغہ ملازمت سے خارج کیا جاوے سید آل حسن اور منشی سلیم الحق و سردار ولی خان کو ابتک جہان سے تنخواہ ملتی ہو وہانسے بند کردیجائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ جات

۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ اہلکاران سررشتہ آڈٹ کا اضافہ بتفصیل تحت اور سید اصغر حسین کا آیندہ نائب پیشکار رکھا جانا منظور فرمایا گیا۔

منشی سکہبالال ۱ اہلمد۔ منشی نوبت رائے ۲ اہلمد۔ منشی سید آل نبی ۳ اہلمد۔ منشی رنجیت بہادر ۴ منشی نیاز بہادر خان ۵ منشی حمید علیخان ۶ اہلمد۔ منشی گنگا سہائے ۷ اہلمد۔ منشی رام غلام ۸ اہلمد۔ منشی درگا پرشاد ۹ اہلمد۔ پنڈت لان ۱۰ مثل خواں۔ دفتری و فراش۔ چار کس پاسبان فی کس ۱ روپیہ۔

اضافہ جات

۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب استدعا میر منشی صاحب اجلاس ہمایون اہلکاران اجلاس ہمایون کا اضافہ بتفصیل تحت بوجہ حسن انجام کار متعلقہ یکم جنوری سنہ ۱۹۱۶ء سے منظور فرمایا گیا۔

منشی محمد اکبر خان ۱ اہلمد اجلاس ہمایون۔ منشی احمد اسعد ۲ اہلمد اپیل۔ منشی سید ذاکر علی ۳ اہلمد منشی محفوظ علیخان ۴ اہلمد۔ منشی موہن لال ۵ اہلمد

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۷ر ستمبر لغایت ۱۳ر ستمبر ۱۹۱۶ء

تاریخ و دن	صدر عامیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین
۷ر ستمبر ۱۹۱۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۴۰۰	۰	۴۰۷	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۰۰	۰	۳۲۵
۸ر ستمبر ۱۹۱۶ء جمعہ	۰	۴۷۷	۰	۴۰۶	۰	۵۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۲۵
۹ر ستمبر ۱۹۱۶ء شنبہ	۰	۴۷۷	۰	۴۰۶	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۲۵
۱۰ر ستمبر ۱۹۱۶ء یکشنبہ	۰	۴۷۷	۰	۴۰۶	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۲۵
۱۱ر ستمبر ۱۹۱۶ء دوشنبہ	۰	۴۷۷	۰	۴۰۶	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۲۵
۱۲ر ستمبر ۱۹۱۶ء سہ شنبہ	۰	۴۷۷	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۲۵
۱۳ر ستمبر ۱۹۱۶ء چہارشنبہ	۰	۴۷۷	۰	٪	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۷ر لغایت ۱۳ر ستمبر ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ سیر		۸ سیر	۹ سیر	۹ سیر	۹ سیر	شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۰ سیر		۱۱ سیر	۱۱ سیر	۱۱ سیر	۱۱ سیر	
نخود کسہ آمیز	۱۱ سیر		۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۲ سیر	۱۱ سیر	
کسہ	۰		۱۱ سیر		۱۲ سیر	۱۲ سیر	
ماش	۸ سیر		۷ سیر	۷ سیر	۷ سیر	۸ سیر	
مونگ	۷ سیر		۷ سیر	۰	۷ سیر	۷ سیر	
مکا	۱۳ سیر		۱۳ سیر	۱۲ سیر	۱۲ سیر	۱۹ سیر	
چنی	۱۳ سیر		۱۴ سیر	۱۵ سیر	۱۳ سیر	۱۴ سیر	
کودی	۰		۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۳ سیر	۱۴ سیر	
ارہر	۹ سیر		۱۰ سیر	۰	۹ سیر	۸ سیر	
مسور	۷ سیر		۸ سیر	۰	۸ سیر	۰	
برنج	۵ سیر		۶ سیر	۶ سیر	۵ سیر	۶ سیر	
روغن زرد	۱۰ سیر		۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	۱۰ سیر	
روغن کنجد	۱۰ سیر		۱ سیر	۱ سیر	۱ سیر	۱ سیر	
روغن سیاہ	۲ سیر		۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	
نمک سانبھر	۱۱ سیر		۱۴ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۳ سیر	
نمک لاہوری	۰		۱۱ سیر	۹ سیر	۱۰ سیر	۱۴ سیر	
قند سیاہ	۵ سیر		۵ سیر	۴ سیر	۵ سیر	۹ سیر	
باجرہ	۱۱ سیر		۸ سیر	۰	۰	۰	